BRAMPTON Service and Information Update

سڑک پر گاڑی پارک کرنا، کھیل کے میدان اور جسمانی فاصلہ بندی: سٹی رہائشیوں کو کووِڈ-19 کے دوران ضمنی قوانین کی یاددہانی کرانا چاہتا ہے

برامپٹن، آن (30 جون 2020) – سٹی آف برامپٹن رہائشیوں کو پورا سال ضمنی قوانین کی پابندی کرنے کی اہمیت کو یاد رکھنے کی گزارش کرتا ہے۔ ضمنی قوانین ایک صاف اور محفوظ شہر کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہیں اور ہر شہری ان معیارات کو برقرار رکھنے میں کردار ادا کرتا ہے۔

برامپٹن کے رہائشیوں کو یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ اگرچہ پیل ریجن اب مرحلہ 2 میں داخل ہو گیا ہے، قواعد کی پابندی نہ کرنے والے افراد پر ہر بار خلاف ورزی کی صورت میں برامپٹن کووڈ-19 ایمرجنسی مژرز بائی لاء یا ایمرجنسی منیجمنٹ اینڈ سول پروٹیکشن ایکٹ (EMCPA) کے تحت کم از کم 500$ اور زیادہ سے زیادہ 100,000$ تک کا جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔ ان پر شہر کے دیگر ضمنی قوانین کے تحت کی جانے والی خلاف ورزیوں پر بھی جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔

شہر میں سڑکوں پر گاڑی پارک کرنا

عملہ جولائی میں سٹی کے ٹریفک اور پارکنگ کے ضمنی قانون کے تحت خلاف ورزیوں پر کارروائی کرنا دوبارہ شروع کرے گا، جنہیں عارضی طور پر کورونا وائرس (کووِڈ-19) کی عالمی وباء کی وجہ سے معطل کر دیا گیا تھا۔ بروز پیر، 6 جولائی 2020 کو، رات کو پارکنگ کے قواعد کا نفاذ دوبارہ شروع ہو جائے گا۔ سٹی کے ٹریفک اور پارکنگ کے ضمنی قانون کے تحت، گاڑیوں کو رات 2 سے صبح 6 بجے کے درمیان سڑک پر پارک نہیں کیا جا سکتا۔ بروز پیر، 20 جولائی 2020 کو، تین گھنٹے تک پارکنگ کے قاعدے کی خلاف ورزیوں پر کارروائیوں کا عمل دوبارہ شروع ہو گا۔ ضمنی قانون کے تحت، گاڑیوں کو ایک وقت پر تین گھنٹے سے زیادہ سڑک پر پارک نہیں کیا جا سکتا۔

پارکنگ کی اجازت آن لائن یا 311 کے ذریعے دستیاب رہنا جاری ہے۔ ایسی گاڑیاں، جنہیں 6 جولائی 2020 کے بعد سڑک پر پارکنگ کی ضرورت ہے، تو اس کے لیے درخواست سٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہو گی۔ متبادل طور پر، گاڑیوں کو سائیڈ واک اور سڑک کے درمیان ڈرائیو وے کی بولیوارڈ والی جگہ پر پارک کیا جا سکتا ہے۔

نجی املاک پر نگرانی کرنے اور جرمانے کے نوٹس جاری کرنے کے لیے ذمہ داری نجی سیکورٹی کمپنیاں معذور افراد کے لیے قابل رسائی پارکنگ کی خلاف ورزیوں اور فائر روٹ کے قاعدے کے نفاذ کو جاری رکھنے کے علاوہ پارک آن پرائیویٹ پراپرٹی کے قاعدے کا نفاذ بھی شروع کر دیں گی۔

پارکس کا استعمال

چونکہ سٹی کے پارکس اب کھل چکے ہیں، رہائشیوں کو یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ مرحلہ 2 کے تحت، کھیلوں کے تمام میدان اور کھیلنے کی چیزیں، تندرستی کے بیرونی آلات اور پینے کے پانی کے نظام شہریوں کی صحت و سلامتی کے تحفظ کے لیے بدستور بند رہیں گے۔

جسمانی فاصلہ بندی

جبکہ رہائشی کا گرمیوں کے موسم سے لطف اندوز ہونے کے لیے باہر جانا جاری ہیں، سٹی انہیں جسمانی فاصلہ بندی برقرار رکھنے کی اہمیت کی یاددہانی کراتا ہے۔ تمام افراد کو اپنے سماجی دائرے سے باہر ہر شخص سے 2.0 میٹر کا فاصلہ برقرار رکھنا چاہیے۔ دس سے زائد افراد کے اجتماعات EMCPA کے تحت ممنوع ہیں۔

دس سے زائد افراد کے اجتماعات کی اطلاع دینے یا جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کی پابندی نہ کرنے والے کسی کاروبار کی اطلاع دینے کے لیے، رہائشیوں سے 311 پر کال کرنے کی گزارش کی جاتی ہے۔

BRAMPTON Service and Information Update

کووِڈ-19 کے خلاف ردعمل میں کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کی سٹی کی کوششوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں یا CityBrampton@ کو ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر فالو کریں۔ سٹی کے ضمنی قوانین کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔

-

30--

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca